اخبار الجامعہ

طلبہ جامعہ کا میٹرک کے امتحان میں شاندار نتیجہ

رپورٹ: چودھری عتیق الرحمٰن ظہیر

جامعہ سلفیہ شعبہ ماڈرن سائنسز کے زیر اہتمام میٹرک کے سالانہ امتحان میں کامیاب ہونیوالے طلباء کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل محمد یاسین ظفر چودھری نے کہا کہ طلباء کو دینی تعلیم کے ساتھ موجودہ جدید دور کے علوم سے بھی استفادہ کرنا چاہیے۔ جامعہ سلفیہ کا یہ امتیاز ہے کہ یہاں اسلامی تعلیم کے ساتھ جدید علوم کی تعلیم کا بھی احسن انتظام ہے جس کی بدولت عالم عرب سمیت پوری دنیا کی یونیورسٹیز میں طلبہ کو داخلہ کا حق حاصل ہے۔ انتظامیہ جامعہ نے بتلایا کہ فیصل آباد بورڈ (میٹرک) کے امتحان میں جامعہ سے بیس طلباء نے حصہ لیا۔ جس میں ولی محمد' شریف اللہ شاہد' اور شکیل امجد نے بالترتیب ۶۱۴' ۵۷۵ اور ۵۶۵ نمبر لے کر فسٹ' سیکنڈ اور تھرڈ پوزیشن حاصل کی۔ باقی تمام طلباء نے فرسٹ اور ہائی سیکنڈ ڈویژن حاصل کی۔ آخر میں طلباء کو پرنسپل جامعہ سلفیہ نے تعریفی کلمات' نقد انعامات اور اسناد سے نوازا۔ اس موقع پر فضیلۃ الشیخ مولانا عبدالحنان زاہد اور راقم الحروف بھی موجود تھے۔

عربی ریفریشر کورس:- احباب کو معلوم ہے کہ تقریباً ہر سال جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے زیر اہتمام پاکستان میں ایک عربی ریفریشر کورس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ امسال بھی جامعہ رحمانیہ ماڈل ٹاؤن لاہور میں اس کورس کا انعقاد ہوا۔ جس میں جامعہ کے طلبہ نے بھی شرکت کی اور امتحان میں نمایاں کامیابی حاصل کر کے جامعہ سلفیہ کا نام روشن کیا۔

پہلی پوزیشن جامعہ سلفیہ کے طالب علم قاری ظہیر احمد نے حاصل کی انہوں نے ۹۸% نمبر حاصل کئے اور ان کے علاوہ نو لڑکوں نے ممتاز پوزیشن، (یعنی ۹۰ فیصد) حاصل کی

بقیہ صـ ۳۷ پر